Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

Department of Special Services
Office of Special Education Procedural Support
8270 Willow Oaks Corporate Drive, Second Floor
Fairfax, Virginia 22031

# معذوری کے حامل طلبا و طالبات کیلئے تنازعات کے حل کے طریقے

## انتظامی جائزہ

**انتظامی جائزہ** (AR) فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) کی طرف سے خصوصی تعلیمی اور سیکشن 504 سے متعلق تنازعات کو حل کرنے کا ایک غیر رسمی ، رضا کارانہ عمل ہے جو والد/ والدہ یا اسکول پرنسپل کی درخواست پر کیا جاتا ہے ۔ بچے کی تلاش ، خصوصی تعلیم کی اہلیت یا سیکشن 504 قابلیت ، اعلان کے تعین کا جائزہ یا 504 وجوہات کی سماعت اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)/504 منصوبے سے متعلق معاملات کی AR کے ذریعہ شنوائی کی جاسکتی ہے ۔ انتظامی جائزہ کمیٹی FCPS کے عملے کے ارکان پر مشتمل ہوتی ہے جو مخصوص مہارت کے حامل ہوتے ہیں ، اور پہلے اس معاملے میں شامل نہیں ہوتے اور غیر جانبدارہوتے ہیں ۔ انتظامی جائزہ کمیٹی کسی بھی رائے یا فیصلے پر پہنچنے سے پہلے تمام دستیاب اور متعلقہ زبانی اور تحریری معلومات پر غور کرتی ہے ۔ جائزے کے بارے میں کی گئی گفتگو ، رائے اور سفارشات کا ایک خلاصہ والدین کو فراہم کیا جاتا ہے اور طالب علم کے ریکارڈ کا حصہ بن جاتا ہے ۔ اس پوری کارروائی کو مکمل ہونے میں تقریباً چھ ہفتے لگ جاتے ہیں ۔ براہِ مہربانی نوٹ کیجیئے کہ ایف سی پی ایس کے انتظامی جائزے میں رضاکارانہ شرکت ورجینیا کے محکمہ تعلیم (VDOE) کے خصوصی تعلیم ضوابط کی حفاظتی تدابیر ، تنازعے کے حل کے طریقوں میں سے کسی تک رسائی کیلئے ضروری شرط **نہیں** ہے ، جو ذیل میں دی گئی ہیں ۔ والد/ والدہ یا پرنسپل کی طرف سے ایک تحریری دستخط شدہ درخواست بمعہ تاریخ جمع کروانی لازمی ہے جس میں FCPS کے قانونی طریقہ کار اور اہلیت کے آفس کے رابطہ کار کو مخاطب کرتے ہوئے اپنے خدشات واضح طور پر بیان کیے گئے ہوں ۔

## قانونی سماعت کا عمل

**قانونی سماعت کا عمل** (DPH) تنازعات کو حل کرنے کا ایک غیرجانبدار انتظامی قانونی طریقہ کار ہے ۔ یہ کارروائی ورجینیا کی سپریم کورٹ کی طرف سے مقرر کیے گئے خود مختار سماعتی افسر کی طرف سے منعقد کی جاتی ہے ۔ والد/ والدہ اور FCPS مبینہ خلاف ورزیوں کی بنیاد پر قانونی سماعت کے لیئے ایک درخواست دائر کر سکتے ہیں اور یہ مبینہ خلاف ورزی والدین یا FCPS کے علم میں آنے کی تاریخ سے دو (2) سال سے زیادہ پرانی نہیں ہونی چاہیئے ۔ VDOE پر اس بات کی تصدیق کرنے کی ذمہ داری ہے کہ سماعتی افسر کا فیصلہ اور سماعت کا انتظام وفاقی اور ریاستی مندرجات کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے ۔ مزید معلومات اور والدین کیلئے قانونی طریقہ کار کا فارم یہاں دستیاب ہیں https://www.doe.virginia.gov/programs-services/special-education/resolving-disputes/special-education-due-process-hearings۔ سماعت کی ایک تحریری درخواست VDOE کے تنازعات کے حل اور انتظامی خدمات کے دفتر (ODRAS) میں دائر کی جائے گی ۔ درخواست کی ایک نقل بیک وقت FCPS کے رابطہ کار برائے قانونی طریقہ کار اور اہلیت دفتر ارسال کی جائے گی ۔

## باسہولت IEP

ایک **باسہولت IEP** (FIEP) میٹنگ ایک سہولت کار استعمال کرتی ہے جسے VDOE انفرادی تعلیمی پروگرام وضع کرنے میں ابلاغ میں اعانت کیلئے مقرر کرتا ہے ۔ والدین اور اسکول دونوں کو FIEP پر لازماً متفق ہونا چاہیئے ۔ ایک سہولت کار ٹیم کو ایجنڈا طے کرنے میں مدد دے سکتا ہے؛ اس بات کو یقینی بناسکتا ہے کہ ہر ایک کو بولنے اور شنوائی کا موقع ملے؛ دیئے گئے وقت کے اندر ٹیم کو فرائض پر گامزن رکھ سکتا ہے؛ اور بات چیت کو واضح کرنے اورافہام وتفہیم کو بہتر بنانے کی کوشش کرسکتا ہے ۔ مزید معلومات اور باسہولت IEP میٹنگ کے فارم کی درخواست یہاں دستیاب ہیں https://www.doe.virginia.gov/programs-services/special-education/resolving-disputes/facilitated-ieps ۔ والدین اوراسکول ڈویژن لازماً اس فارم کو پُر کرکے اورVDOE میں ODRAS کو ارسال کرکے باسہولت IEP کا عمل مشترکہ طور پر شروع کریں ۔

## ثالثی یا مصالحت

**ثالثی یا مصالحت** تنازعات حل کرنے کا ایک رضا کارانہ اور خفیہ عمل ہے جو VDOE کے خصوصی تعلیمی مصالحت کے ریاستی نظام کی طرف سے والدین اور FCPS کو دستیاب ہے ۔ والدین اور اسکول دونوں کو ثالثی کے عمل میں شامل ہونے پر لازماً متفق ہونا چاہیئے ۔ مصالحت تنازعات پر بات کرنے اور ان کا حل نکالنے کے لیئے ایک مفید ذریعہ ہو سکتا ہے، اس میں وہ معاملات بھی شامل ہوتے ہیں جو قانونی سماعت کے عمل کی درخواست جمع کرانے سے پہلے شروع ہو چکے ہوتے ہیں ۔ اس پوری کارروائی کو مکمل ہونے میں تقریباً چھ ہفتے تک لگ جاتے ہیں ۔ مزید معلومات اور ورجینیا کی خصوصی تعلیمی مصالحت کی درخواست فارم یہاں دستیاب ہیں https://www.doe.virginia.gov/programs-services/special-education/resolving-disputes/special-education-mediation ۔ ایف سی پی ایس اور والدین مشترکہ طور پر درخواست فارم پُر کریں اورVDOE میں ODRAS کو جمع کرائیں ۔

**دفتر برائے سول رائٹس شکایات**

**دفتر برائے سول رائٹس** (OCR) متعدد وفاقی شہری حقوق کے قوانین کا نفاذ کرتا ہے جو ان پروگراموں یا سرگرمیوں میں رنگ ونسل ، قوم ، جنس ، معذوری اور عمر کی بنیاد پر روا رکھنی جانے والے امتیازی سلوک پر پابندی عائد کرتے ہیں ، جو امریکہ محکمہ تعلیم سے وفاقی مالی امداد حاصل کرتے ہیں ۔ کوئی بھی فرد جو یہ سمجھتا ہے کہ ایک تعلیمی ادارہ نے ، جو وفاقی مالی امداد حاصل کرتا ہے، کسی کے خلاف ان محفوظ طبقات میں سے ایک کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا ہے ، OCR میں شکایت درج کراسکتا ہے ۔ دفتر برائے قانونی طریقہ کار اور اہلیت ایف سی پی ایس کے دیگر متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر OCR شکایات پر جواب دیتا ہے جن میں یہ الزام عائد کیا گیا ہوتا ہے کہ اسکول ڈویژن نے کسی طالبعلم کے خلاف معذوری کی بنیاد پر امتیازی سلوک کیا ہے ۔ مزید معلومات اور شکایت کا فارم یہاں دستیاب ہے
https://www2.ed.gov/about/offices/list/ocr/complaintprocess.html ۔ شکایت کا فارم یا تحریری بیانات OCR کو براہ راست جمع کرانے چاہیئں ۔

**حل**

**حل** میٹنگ تنازعہ حل کرنے کا ایک عمل ہے جو والدین کی جانب سے قانونی سماعت کے عمل کی درخواست کے بعد سرانجام پاسکتا ہے ۔ حل میٹنگز والدین اور اسکول ڈویژنز کو قانونی سماعت کے عمل کے رونما ہونے سے قبل معاملات کو حل کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں ۔ شرکاء میں والدین، ایف سی پی ایس عملہ اور اگر مناسب ہو تو وکلاء شامل ہوتے ہیں ۔ اسکول ڈویژن والدین کی جانب سے قانونی سماعت کے عمل کی درخواست کے نوٹس ملنے کے 15 کیلینڈر دنوں کے اندراندر حل میٹنگ کا اجلاس منعقد کرے ۔ ایک غیررسمی حل میٹنگ تنازعات کو مقامی طورپر حل کرنے کیلئے قانونی سماعت کے عمل کے باہر بلانے کی درخواست کی جاسکتی ہے ۔ یہ غیررسمی حل میٹنگ خصوصی تعلیم یا سیکشن 504 سے متعلقہ امور پر توجہ مرکوز کرسکتی ہے ۔ حل کی ایک غیررسمی میٹنگ بلانے کی درخواست ایف سی پی ایس کے رابطہ کار سے قانونی طریقہ کار اور اہلیت کے دفتر میں 4470-423-571 کی جاسکتی ہے ۔

**سیکشن 504 کی غیرجانبدارانہ سماعت**

**سیکشن 504 کی غیرجانبدارانہ سماعت** کی درخواست ایف سی پی ایس یا معذوری کے حامل طالبعلم کے والد/ والدہ یا سرپرست کی جانب سے کی جاسکتی ہے جیسا کہ سیکشن 504 میں بیان کیا گیا ہے تاکہ شناخت ، جانچ پڑتال ، سہولیات ، ترامیم اور/ یا خدمات ؛ ایک مفت مناسب سرکاری تعلیم (FAPE) کی فراہمی ؛ یا معذوری کے حامل طالبعلم کی وجوہات کا تعین کے متعلق کسی اختلاف کو حل کیا جائے ۔ سماعت کی درخواست شکایت کی بنیاد بننے والی مبینہ کارروائی یا حقائق کے متعلق والدین کے آگاہ ہونے یا آگاہ ہوجانے چاہیئں ، کی تاریخ کے ایک سال کے اندر ہی کی جاسکتی ہے ۔ مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support/Section-504-information ۔ غیرجانبدارانہ سماعت کی درخواستیں تحریری طور پر قانونی طریقہ کار اور اہلیت کے دفتر میں ایف سی پی ایس کے رابطہ کار کو جمع کرانی چاہیئں ۔

**ریاست کو شکایت**

**ریاست کو شکایت** ایک ایسی درخواست ہے جس میں کسی مقامی تعلیمی ایجنسی کی طرف سے خصوصی تعلیمی قوانین کی مبینہ خلاف ورزی پر VDOE تحقیقات کرتا ہے ۔ شکایت سے مراد ایک ایسا بیان ہے جس میں بچے کی شناخت ، جانچ یا تعلیمی داخلے یا مفت اور موزوں تعلیم کی فراہمی سے متعلق کسی بھی معاملے کے طریقہ کار یا کارروائی کے حوالے سے کوئی اختلاف ہو ۔ ریاست کو شکایت معذوری سے تعلق رکھنے والے شہری حقوق کی خلاف ورزی کیلئے تشکیل نہیں دی گئی اور نہ ہی یہ کسی ذاتی مسئلے یا عام تعلیمی معاملے کو حل کرتی ہے ۔ VDOE کے پاس جوابی کارروائی کے لیئے ساٹھ تقویمی دنوں کا وقت ہوتا ہے۔ مزید معلومات اور ریاستی خصوصی تعلیم کا شکایت کا فارم یہاں دستیاب ہیں
https://www.doe.virginia.gov/programs-services/special-education/resolving-disputes/resolving-disputes۔ درخواست کی ایک نقل ، جس میں معاون دستاویزات موجود ہوں ، بیک وقت ایف سی پی ایس کے رابطہ کار کو قانونی کارروائی اور اہلیت کے دفتر میں بھی ارسال کی جائے ۔

**اضافی وسائل وماخذ**

- ایف سی پی ایس خصوصی تعلیم کیلئے پروسیجرل سپورٹ: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support
- ورجینیا میں معذور بچوں کیلئے خصوصی تعلیمی پروگرامز چلانے کے قواعد وضوابط: https://www.doe.virginia.gov/home/showpublisheddocument/894/637945623913600000.
- ورجینیا کے خصوصی تعلیم کے حفاظتی ضوابط کی شرائط: https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se4.pdf
- سیکشن 504 تحفظّاتی ضوابط: https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/se92.pdf
- خصوصی تعلیم کیلئے پروسیجرل سپورٹ: رابطہ معلومات: https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/special-education-instruction/special-education-procedural-support/contact-information

اگر آپ کو درج بالا طریقہ ہائے کار کے متعلق سوالات پوچھنے ہیں تو براہ مہربانی قانونی طریقہ کار اور اہلیت کے دفتر میں 4470-423-571 پر یا محکمہ تعلیم ورجینیا کے تنازعات کے حل اور انتظامی خدمات کے دفتر میں 2013-225-807 پر رابطہ کیجیئے